

# Enrolment policy - Urdu

# داخلہ پالیسی

## والدین کے لیے معلومات

NSW گورنمنٹ سکولوں میں طالبعلموں کے داخلے کی پالیسی آ چکی ہے جس کا مقصد سکولوں کو *ایجوکیشن ایکٹ 1990* کے تحت اپنے فرائض پورے کرنے میں مدد دینا ہے – تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہر طالبعلم کے لیے اسکے مقامی سکول میں جگہ ہو۔ پالیسی عملے اور کمیونٹی کو ایک شفاف داخلے کے عمل سے بھی آگاہ کرتی ہے۔

### داخلہ پالیسی میں ترمیم کیوں کی گئی تھی؟

پوری سٹیٹ میں بہت سے علاقوں کی آبادیاں بدل رہی ہیں۔ کچھ آبادیوں میں اتنی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جو پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ کچھ سکول جو پہلے اپنے علاقے سے باہر کے داخلے قبول کر سکتے تھے، اب ایسا کرنے کی گنجائش نہیں رکھتے۔

ترمیم شدہ پالیسی کا مقصد سکولوں کو داخلے کی تمام درخواستوں کا انتظام کرنے میں مدد دینا، فیصلہ سازی میں زیادہ یکساں روی کو فروغ دینا اور یہ یقینی بنانا ہے کہ والدین کے لیے داخلوں کے انتخاب واضح ہوں۔

### کیا تبدیلیاں ہوئی ہیں؟

**The enrolment cap**

The enrolment cap طالبعلموں کی وہ تعداد ہے جسے سکول کی مستقل عمارات کی گنجائش کی بنیاد پر سکول میں داخلہ مل سکتا ہے۔ the enrolment cap سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ آیا اس سکول میں علاقے سے باہر کے داخلوں کو قبول کرنے کی گنجائش ہو سکتی ہے یا نہیں۔ یہ سکول میں مقامی طالبعلموں کے داخلے کا ہدف یا حد نہیں ہے۔

ہر وہ سکول جس کا ایک مقامی علاقہ برائے داخلہ جات طے ہے، ڈیپارٹمنٹ Term 4 2019 سے اسکی cap طے کر دے گا۔

enrolment cap کے اندر اندر، کئی نشستیں مقامی طالبعلموں کی اس ممکنہ تعداد کے لیے محفوظ رکھنا ضروری ہے جنہیں سال کے دوران داخلہ لینے کی ضرورت ہو گی۔ الگ محفوظ رکھی جانے والی نشستوں کو buffer کہا جاتا ہے۔ اس وجہ سے buffer پورا ہو جانے کے بعد سکول غیر مقامی طالبعلموں کو داخلہ نہیں دے گا، سوائے اسکے کہ غیر معمولی حالات ہوں۔

### رہائشی پتے کا 100 پوائنٹس کا چیک

جو والدین اپنے بچے کو ایسے سکول میں داخل کروانے کا ارادہ رکھتے ہوں جو اپنے buffer یا cap قریب پہنچ رہا ہو یا اپنے buffer یا cap کو پہنچ چکا ہو، انہیں رہائشی پتے کا 100 پوائنٹس کا چیک مکمل کرنے کو کہا جائے گا تاکہ یہ تصدیق ہو جائے کہ وہ اس سکول کے لیے معین مقامی داخلوں کے علاقے کے اندر رہتے ہیں۔ اسکا مطلب ہے کہ والدین کو بچے کے حالیہ پتے کی توثیق کے لیے دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔

اس غرض سے کہ سکول صرف بچے کے داخلے سے تعلق رکھنے والی معلومات طلب کریں، رہائشی پتے کے چیک کے لیے منظور شدہ دستاویزات کی ایک فہرست سکول سے یا یہاں ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائیٹ سے دستیاب ہے https://education.nsw.gov.au/policy-library/policies/enrolment-of-students-in-nsw-government-schools

### غیر مقامی سکول میں داخلے کے لیے سیلیکشن کے تقاضے

اب طالبعلموں کے بہن بھائیوں کے داخلوں کو واضح فوقیت حاصل ہے (جہاں ممکن ہو) اور غیر مقامی سکول میں داخلے کے لیے سیلیکشن کے تقاضوں میں طالبعلم کی اہلیت، کارکردگی یا کامیابیاں شامل نہیں ہوں گی۔

## کیا نہیں بدلا ہے؟

سکول اپنی cap کی صورتحال سے قطع نظر ان طالبعلموں کو داخلہ دینا جاری رکھیں گے جو سکول کے مقامی علاقے میں رہتے ہیں۔

غیر مقامی طالبعلموں کے بہن بھائیوں کے داخلے کے حقوق کے حوالے سے کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ جن سکولوں میں نشستیں دستیاب ہوں، ہر درخواست برائے داخلہ پر اسکے اپنے معیار کے لحاظ سے غور کیا جاتا ہے، جس میں یہ بھی شامل ہے کہ آیا اس وقت اس سکول میں بہن بھائی داخل ہیں۔ اگر سکول میں گنجائش باقی ہو تو علاقے سے باہر کے جن درخواست گزاروں کے بہن بھائی اس وقت سکول میں داخل ہوں، انہیں داخلے کے لیے فوقیت دی جائے گی۔

داخلے کے عمل کے دوران سکول گھرانوں کو مدد اور مشورہ دینا جاری رکھیں گے جس میں غیرمعمولی اور خاص مجبوری کے حالات پر غور کرنا بھی شامل ہے، بالخصوص کمزور طالبعلموں اور انکے گھرانوں کے لیے۔

داخلہ درخواستوں کے فیصلے کرنے کے لیے سکول شفاف اور قابل احتساب کاروائیاں لاگو کرتے ہوئے پالیسی پر منصفانہ اور یکساں روی سے عمل بھی جاری رکھیں گے۔ والدین کو یہ طے کروانے کے لیے اپیل کا حق حاصل ہے کہ آیا بیان کردہ کارروائیوں کو ضابطے کے لحاظ سے درست طور پر لاگو کیا گیا ہے یا نہیں۔

## لیکن ان تبدیلیوں کا میرے لیے کیا مطلب ہے؟

### اگر میرا بچہ پہلے ہی سکول میں داخل ہو لیکن ہم سکول کے داخلہ جات کے علاقے میں نہ رہتے ہوں تو؟

آپکے بچے کا سکول میں داخلہ برقرار رہے گا کیونکہ ترمیم شدہ پالیسی سے NSW گورنمنٹ سکولوں میں پہلے سے داخل طالبعلموں پر اثر نہیں پڑتا۔

### جب سکول میں میرے بچے کا داخلہ ہوا تھا تو ہم علاقے میں تھے۔ اس کے بعد ڈیپارٹمنٹ نے سکول کی حدود بدل دیں اور اب ہماری رہائش علاقے سے باہر ہے۔ میرے دوسرے بچے بھی ہیں اور میری خواہش ہے کہ سب بچے ایک ہی سکول میں ہوں۔ میرے پاس کیا راستے ہیں؟

کبھی کبھار ڈیپارٹمنٹ کے لیے سکول کے داخلہ جات کے علاقے میں ردوبدل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اسکا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ایک گھرانہ جسکا بچہ یا بچے پہلے ہی سکول میں داخل ہوں، وہ گھرانہ بعد میں داخلوں کے علاقے سے باہر ہو جاتا ہے۔ جب ایسا ہو تو وہ گھرانہ پھر بھی بچے کے بہن بھائیوں کو اس سکول میں داخل کروا سکے گا، چاہے سکول اپنے buffer یا cap سے اوپر نکل چکا ہو۔

### میرا ایک بچہ پہلے ہی علاقے سے باہر کے طالبعلم کے طور پر ایک NSW گورنمنٹ سکول میں داخل ہے۔ کیا میرے دوسرے بچوں کو بھی اس سکول میں داخلہ مل سکتا ہے؟

یہ سکول کی گنجائش پر منحصر ہو گا:

- اگر سکول اپنے **buffer کے قریب نہ** ہو، تو بہن بھائیوں کو بھی سکول میں داخلہ مل جانا چاہیئے۔ درحقیقت، جہاں ممکن ہو حالیہ داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کو علاقے سے سے باہر کے دوسرے درخواست گزاروں پر فوقیت دی جائے گی۔
- اگر سکول اپنے **buffer کے قریب** پہنچ رہا ہو، تو سکول ایک غیر مقامی داخلوں کا پینل بنائے گا۔ جب غیر مقامی درخواستوں کی تعداد اس تعداد سے بڑھ جائے گی جو buffer سے نیچے دستیاب ہے تو پینل غیر مقامی داخلہ درخواستوں پر غور کرے گا۔ اس صورت میں بھی، جہاں ممکن ہو، حالیہ داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کو علاقے سے سے باہر کے دوسرے درخواست گزاروں پر فوقیت دی جائے گی۔
- اگر سکول کی **گنجائش پوری ہو چکی ہو**، تو سکول غیر مقامی داخلہ درخواستوں کو قبول نہیں کرے گا، سوائے اسکے کہ غیر معمولی حالات پائے جاتے ہوں۔

### میں نے پہلے ہی اپنے بچے کو 2020 میں اپنے مقامی سکول کے علاوہ کسی اور سکول میں بھیجنے کی پیشکش قبول کر لی ہے۔ اب کیا ہو گا؟

داخلہ برقرار رہے گا۔ 2020 میں آغاز کرنے والے طالبعلموں کے جو غیر مقامی داخلے Term 4 2019 سے پہلے قبول کر لیے گئے ہیں، ان پر کوئی اثر نہیں پڑنا چاہیئے۔

### کسی ایسے سکول میں داخلے کے لیے کیا تقاضے ہیں جو میرا مقامی سکول نہیں ہے؟

جو سکول غیر مقامی داخلہ درخواستوں کو قبول کر سکتے ہوں، اگر انہیں ملنے والی درخواستوں کی تعداد سکول کے buffer سے نیچے دستیاب نشستوں سے بڑھ جائے تو وہ ایک غیر مقامی داخلہ سیلیکشن پینل قائم کریں گے۔

سکولوں پر لازم ہے کہ سکول کمیونٹی کے لیے سیلیکشن کے تقاضوں سے آگاہ ہونا ممکن رکھیں۔

### میرے حالات بہت مشکل ہیں اور میرا خیال ہے کہ یہ سکول میرے بچے کے لیے بہترین ہے۔ ہم سکول کے داخلہ جات کے علاقے سے باہر رہتے ہیں۔ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

ہم سمجھتے ہیں کہ سب لوگوں کے حالات ایک جیسے نہیں ہوتے اور ایسی صورتیں بھی ہوتی ہیں جب غیرمعمولی اور مجبوری کے حالات پر غور کرنا ضروری ہو گا۔

اگر ایسا ہو تو آپکو اپنے مقامی سکول کے پرنسپل سے بات کرنی چاہیئے۔

## رابطہ

عام سوالات کے لیے فون نمبر: 332 679 1300 یا
ای میل: DoEinfo@det.nsw.edu.au
داخلے کے بارے میں سوالات کے لیے، اپنے مقامی سکول سے بات کریں۔
یہاں سکول سے رابطے کے لیے تفصیلات دیکھیں:
https://education.nsw.gov.au/public-schools/going-to-a-public-school/finding-a-public-school

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 50 14 13 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جسے آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپکی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔